شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

09 - مارچ 2022

پریس ریلیز

وزیراعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد اپوزیشن کا آئینی اور جمہوری حق ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): وزیر اعظم کے خلاف تحریک عدم اعتماد اپوزیشن کا آئینی اور جمہوری حق ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ اگرچہ اقتدار کی سیاست اور اس میں ہونے والی رسہ کشی سے عملی طور پر تنظیم اسلامی لا تعلق رہتی ہے اور ملکی و بین الاقوامی حالات پر تبصرہ کرنے پر اکتفا کرتی ہے۔ البتہ ہم یہ چاہیں گے کہ ملک میں سب کچھ آئین اور قانون کے دائرے میں ہو۔ اور فریقین ہارس ٹریڈنگ سے مکمل گریز کریں۔ تاکہ جو نتیجہ بھی نکلے اُس کی سیاسی اور قانونی حیثیت کے ساتھ ساتھ اخلاقی حیثیت بھی ہو۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا

مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان